03-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت حیدرآباد کو سرمایہ کاری کے بین الاقوامی مرکز کی حیثیت سے ترقی دینے کی کوشش کررہی ہے۔

۲۔سنگاریڈی ضلع کے پاشا میلارم میں ایک فارما فیکٹری میں ہوئے دھماکہ کی تحقیقات کیلئے حکومت تلنگانہ کی جانب سے تشکیل دی گئی ماہرین کی کمیٹی نے آج اپنی تحقیقات شروع کردی۔

۳۔لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج ہریانہ کے مانیسر میں شہری مجالس مقامی کے صدورنشین کی پہلی قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

۴۔سینئر آئی اے ایس آفیسر اروند کمار فارمولہ ای ریس کیس میں آج اے سی بی کے روبرو حاضر ہوئے۔

EXPLOSION

سنگاریڈی ضلع کے پاشا میلارم میں ایک فارما فیکٹری میں ہوئے دھماکہ کی تحقیقات کیلئے حکومت تلنگانہ کی جانب سے تشکیل دی گئی ماہرین کی کمیٹی نے آج اپنی تحقیقات شروع کردی۔سی ایس آئی آر۔آئی آئی سی ٹی کے سائنسدان بی وینکٹیشو راؤ کی زیرقیادت کمیٹی نے آج فیکٹری کا معائنہ کیا اور دھماکہ کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لئے تحقیقات شروع کردی۔ اِس دوران سنگاریڈی ضلع کے کلکٹر پروینا نے کہا ہے کہ 40 مہلوکین میں سے 18 کی شناخت ہوگئی ہے اوران نعشوں کوان کے خاندانوں کے حوالہ کردیا گیاہے۔کلکٹر نے کہا کہ سیگاچی انڈسٹریز کی فارما یونٹ میں دھماکہ کے بعد 9افراد ابھی بھی لاپتہ ہیں۔ اس حادثہ میں 40افراد ہلاک اور35 زخمی ہوگئے۔لاپتہ افراد کا پتہ لگانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ضلع سپرنٹنڈنٹ آف پولیس پریتوش پنکج نے بتایا کہ مہلوکین کی شناخت کیلئے 95 فیصد ڈی این اے نمونے حاصل کیئے گئے ہیں۔

## ACB

سینئر آئی اے ایس آفیسر اروند کمار فارمولہ ای ریس کیس میں آج اے سی بی کے روبرو حاضر ہوئے۔ وہ تیسری مرتبہ اے سی بی کے سامنے حاضر ہوئے ہیں۔ ان پر الزام ہے کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں انہوں نے بلدی نظم ونسق اور شہری ترقیات کے اسپیشل چیف سکریٹری کی حیثیت سے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے رقم منتقل کی۔ اروند کمار اِس وقت ریونیو محکمہ میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے چیف سکریٹری ہیں۔ اے سی بی نے کابینہ کی منظوری کے بغیر رقم کی منتقلی پر ایک مقدمہ درج کرلیا ہے۔ اے سی بی نے اسی کیس میں بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راماراؤ سے دو مرتبہ پوچھ تاچھ کی۔

## IMD

تلنگانہ میں جولائی کے دوران اوسط سے زیادہ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی تازہ ترین ماہانہ پیش قیاسی میں یہ بات کہی۔ ریاست کے بعض علاقوں میں مانسون کی سست رفتار پیشرفت کے بعد اِس خبر سے کچھ راحت ملے گی۔ اس رپورٹ میں کہا گیا کہ تلنگانہ کے بشمول ملک کے بیشتر علاقوں میں اس مہینہ اوسط سے زیادہ بارش کا امکان ہے۔ آئی ایم ڈی نے حکام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ قبل از وقت انتباہی سسٹم کو مستحکم کریں۔ ان اضلاع میں جہاں پانی کے نشیبی علاقوں میں جمع ہونے کا اندیشہ رہتا ہے، ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اقدامات کو مستحکم کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

## DK ARUNA

بی جے پی کی قومی نائب صدر اور محبوب نگر کی رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا ہے کہ وہ ریاست میں یوریا کی قلت کا جھوٹا پروپگنڈہ کرتے ہوئے کسانوں کو گمراہ کررہے ہیں۔ ارونا نے ایک بیان میں مرکز کو ذمہ دار ٹھہرانے پر ریاستی حکومت اور بی آر ایس کے قائدین کی مذمت کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کھاد کی موجودہ قلت ریاستی حکومت کی بدنظمی اور لاپرواہی کا نتیجہ ہے۔ یوریا کی

قلت کے دعوؤں کی تردید کرتے ہوئے ارونانے کہا کہ مرکزی حکومت نے جاریہ ربیع سیزن کیلئے درکار مقدار سے زیادہ یوریا فراہم کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکز کو ذمہ دار ٹھہرانا غیر اخلاقی ہے۔ارونا نے کہا کہ کانگریس حکومت اپنی ناکامیوں سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش کررہی ہے۔

KONDA SUREKHA

تلنگانہ کانگریس میں اندرونی اختلافات میں آج شدت پیدا ہوگئی جبکہ وزیر جنگلات کونڈا سریکھا اوران کے شوہر سابق ایم ایل سی کونڈا مرلی نے تلنگانہ میں اے آئی سی سی کی انچارج میناکشی نٹراجن سے حیدرآباد میں ملاقات کی۔انہوں نے نٹراجن کو 16 صفحات پر مشتمل ایک مکتوب پیش کیا جس میں انہوں نے پارٹی کی ریاستی شاخ کے اندر پیش آنے والے پریشان کن واقعات کی تفصیل بتائی۔چند دن قبل کونڈا مرلی تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کی تادیبی کمیٹی کے روبرو حاضر ہوئے تھے جبکہ ورنگل ضلع سے تعلق رکھنے والے کانگریس کے ارکان اسمبلی نے تادیبی کمیٹی سے شکایت کی تھی۔ارکانِ اسمبلی نے الزام لگایا کہ مرلی نے ان کے خلاف قابل اعتراض تبصرے کئے اور دیگر حلقوں کے معاملات میں مداخلت کی۔ نٹراجن سے ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کونڈا سریکھا نے اِس قیاس آرائی پر تبصرہ کرنے سے انکار کردیا کہ انہیں کابینہ سے برطرف کیا جاسکتا ہے۔

TSSPDCL

تلنگانہ کی سدرن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی لمیٹڈ نے صارفین کو فوری موثر اور شفاف خدمات کی فراہمی کیلئے 33kv کی نئی ایچ ٹی سروس کیلئے ایک جدید سافٹ ویر سسٹم تیار کیا ہے۔ٹی ایس ایس پی ڈی سی ایل کے چیرمین اور منیجنگ ڈائرکٹر مشرف فاروقی نے بتایا کہ اِس نظام کے تحت نئی ایچ ٹی سروس کیلئے درخواست پیش کئے جانے کے بعد ایچ ٹی کنزیومر سروس کنکشن سسٹم جی آئی ایس تفصیلات جمع کرے گا اور اسے ساسا ایپ کے ذریعہ کمپنی کے کارپوریٹ دفتر میں راست چیف انجینئر کمرشیل بھیجا جائے گا۔

کارپوریٹ آفس کو اطلاع ملنے کے بعد ساسا ایپ کے ذریعہ ایک تخمینہ تیار کیا جائے گا۔ تخمینہ کی منظوری کے بعد ایک ڈیمانڈ نوٹس تیار ہوگی جسے ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعہ صارف کو بھیجا جائے گا۔ مشرف فاروقی نے کہا کہ ایچ ڈی ی خدمات کو آسانی سے رسائی کیلئے کمپنی نے آٹو اسٹیمیٹ سافٹ ویر سسٹم متعارف کیا ہے۔

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت حیدرآباد کو سرمایہ کاری کے بین الاقوامی مرکز کی حیثیت سے ترقی دینے کی کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے رنگاریڈی ضلع کے مہیشورم منڈل میں آج ملابار جیمس اینڈ جیولری یونٹ کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ 9 دسمبر کو تلنگانہ رائزنگ 2047ء ویژن ڈاکومنٹ جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ 100 کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ڈاکومنٹ تیار کیا جارہا ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ مہیشورم میں 4th سٹی بھارت فیوچر سٹی تعمیر کیا جارہا ہے۔

Soun Byte.

ULBS

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج ہریانہ کے مانیسر میں شہری مجالس مقامی کے صدورنشین کی پہلی قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ دستوری جمہوریت اور قومی تعمیر کے استحکام میں مجالس مقامی کا رول اس دوروزہ کانفرنس کا عنوان ہے۔ اوم برلا نے کہا کہ شہری مجالس مقامی جمہوریت کا ایک مضبوط ستون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اداروں کے استحکام سے عوام کی امنگوں کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے جمہوری اداروں کو مستحکم کرنا ہرایک کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوانوں کی کارروائی میں خلل اور کارروائی کے التوا سے عوام کی امنگوں کو ٹھیس پہنچتی ہے۔

Sound Byte.

Kharge

کانگریس کے قومی صدر کل حیدرآباد کے لال بہادر اسٹیڈیم میں تلنگانہ کانگریس کے دیہی صدور کے اجلاس سے خطاب کریں گے۔ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے آج گاندھی بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام میں کانگریس پارٹی کے 40 ہزار قائدین اور کارکن شرکت کریں گے۔ ان میں گاؤں، منڈل اور ضلع کی سطح کے صدور، وزرا، ارکانِ اسمبلی، ارکان پارلیمنٹ اور کارپوریشنس کے صدور شامل ہوں گے۔ ملکارجن کھرگے نچلی سطح پر کانگریس کو مستحکم کرنے کے لئے ضروری ہدایتیں دیں گے۔

OO